13892-ہوا خارج ہونے کا شک

سوال

برائے مہربانی مجھے دوران وضوء یا بعد میں ہوا خارج ہونے کے بارہ میں احادیث کے متعلق معلومات فراہم کریں، اوراس سوچ کے متعلق بھی معلومات فراہم کریں کہ اگرانسان کے معدہ میں کوئی حرکت محسوس ہویا ہوا خارج ہونے کی آواز سنے تواس کے لیے وضوء کرنا ضروری ہے ؟

پسندیدہ جواب

جب انسان کو ہوا خارج ہونے کا یقین ہو تواس سے وضوء کرنا واجب ہے، لیکن اگر صرف پیٹ میں حرکت یا ہوا خارج ہونے کا وہم ہو تواس کی طرف توجہ نہیں کی جائیگی، پیٹ میں صرف حرکت یا ہوا خارج ہونے کا وہم ہونے سے وضوء نہ ٹوٹنے کی دلیل صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی درج ذیل حدیث ہے :

عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک شخص نے شکایت کی کہ اسے نماز میں کچھ محسوس ہوتا، توکیا وہ نماز ترک کردے ؟

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

" نہیں حتی کہ تم آواز سنو یا ہوا خارج ہونے کی آواز سنو"

صحیح بخاری حدیث نمبر (1915) صحیح مسلم حدیث نمبر (540).

امام نووی رحمہ اللہ اس حدیث کی شرح میں کہتے ہیں :

یہ حدیث اشیاء کو اپنی اصل پر باقی رکھنے کی دلیل ہے حتی کہ اس اصل کے خلاف کوئی دلیل مل جائے، اوراس پر پیدا ہونے والا شک کوئی ضرر و نقصان نہیں دیگا. اھ

اورابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"جمہور علماء کرام نے اس حدیث پر عمل کیا ہے "اھ

ان شکوک وشبہات کی طرف توجہ دینے سے وسوسہ پیدا ہوتا ہے اس لیے اس کی طرف توجہ ہی نہیں کرنی چاہیے، صرف ہوا خارج ہونے کے یقین ہونے کی صورت میں ہی وضوء کرنا واجب ہوگا.

امام نووی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"قولہ صلی اللہ علیہ وسلم : "حتی کہ وہ آواز سنے یا پھر بدبو پائے "

ان کا کہنا ہے : ان دو اشیاء میں سے کسی ایک کا وجود معلوم کرلے مسلمانوں کے اجماع کے مطابق سننا اور سونگھنا شرط نہیں. اھ

یہاں علم سے مراد یقین کرنا ہے.

واللہ اعلم.